MEDIA RELEASE

7 DEC - 25 DEC
RAWALPINDI CRICKET STADIUM

بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ: لیک سٹی پینتھرز اور نور پور لائنز کی نظریں ٹائٹل پر

راولپنڈی، 5 دسمبر2024ء:

لیک سٹی پینتھرز اور نور پور لائنز بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ میں اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنا چاہتی ہیں جو 7 دسمبر سے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں شروع ہوگا۔ دونوں ٹیمیں نہ صرف ٹائٹل جیتنے کا حتمی مقصد حاصل کرنا چاہتی ہیں بلکہ کھلاڑیوں کو تیار کرنا بھی چاہتی ہیں۔

لیک سٹی پینتھرز کے مینٹور ثقلین مشتاق کا کہنا کہ ہم جانتے ہیں کہ فارمیٹس مختلف ہیں اور ہم پچاس اوورز کے فارمیٹ سے اس چھوٹے فارمیٹ میں آرہے ہیں لیکن مجھے یقین ہے کہ کھلاڑیوں کو جو رول دیے گئے ہیں اس کے پیش نظر میرے کھلاڑی دلچسپ کرکٹ کھیلیں گے اور اگر وہ اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ کھیلے تو اس صورت میں بہترین نتائج سامنے آئیں گے۔

ثقلین مشتاق 2021 اور 2022 کے آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاکستان کو سیمی فائنل اور رنر اپ تک کی کوچنگ کر چکے ہیں۔

شاداب خان ایک مضبوط بیٹنگ لائن اپ کی قیادت کر رہے ہیں ان کے ساتھ شرجیل خان ٹاپ آرڈر میں ہیں لیکن یہ ان کی فٹنس سے مشروط ہے۔ عبدالواحد بنگلزئی اور عمر صدیق دو جارحانہ بیٹرز ہیں جو لیک سٹی پینتھرز کو شاندار آغاز دے سکتے ہیں۔

پاکستان اسٹارز حیدر علی، دانش عزیز، شاداب اور اسپن بائولنگ آل راؤنڈر مبصر خان سلوگ اوورز میں بیٹنگ کو متحرک کر سکتے ہیں۔

انگلینڈ کے خلاف سیریز جیتنے والی کارکردگی اور قائداعظم ٹرافی میں 27 وکٹیں لینے والے ساجد خان بھی وائٹ بال کرکٹ میں اپنا نام بنانے کے لیے بے چین ہیں۔

پیس بولنگ تھوڑی سی ناتجربہ کار نظر آتی ہے لیکن احمد بشیر، محمد ابتسام اور عرفان اللہ شاہ اپنی زبردست صلاحیتوں سے اس پر قابو پاسکتے ہیں۔

لیک سٹی پینتھرز کے میچوں کا شیڈول:

7 دسمبر- بمقابلہ اے بی ایل اسٹالینز (شام 3.30)

8 دسمبر- بمقابلہ اینگرو ڈولفنز (دوپہر 12 بجے)

11 دسمبر- بمقابلہ نورپور لائنز (دوپہر 12 بجے)

13 دسمبر۔ بمقابلہ یوایم ٹی مارخورز (شام 3.30)

15 دسمبر۔ بمقابلہ۔ اے بی ایل اسٹالینز۔ (11 بجے دن)۔

16 دسمبر۔ بمقابلہ اینگرو ڈولفنز (دوپہر 12 بجے)

19 دسمبر۔ بمقابلہ نورپور لائنز (دوپہر 12 بجے)

21 دسمبر- بمقابلہ یوایم ٹی مارخورز (11 بجے دن)۔

بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ سے نورپور لائنز کو کئی عزائم پورے کرنے ہیں۔ مینٹور وقار یونس تسلیم کرتے ہیں کہ تینوں فارمیٹس کی پاکستان کی قومی ٹیموں کو مزید مسابقتی بنانے کے لیے بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے۔

وقار کا کہنا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ جب ٹی ٹوئنٹی کے کھیل کے انداز سے برابر کرنے کی بات آتی ہے تو پاکستان پیچھے رہ جاتا ہے، جس کا مظاہرہ دوسری ٹیمیں کرتی ہیں۔

"جب سلوگ اوورز میں مڈل اور لوئر آرڈر کے بیٹرز کی طرف سے ہٹنگ کرنے کی بات آتی ہے تو ہمیں بہت زیادہ بہتری کی ضرورت ہوتی ہے۔

ٹاپ آرڈر اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ ہم مینٹورز اس ٹورنامنٹ کو بہتر بنانے کے لیے ہدف بنائیں گے اور یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ چیمپیئنز کپ جیسے ٹورنامنٹ سے پاکستان کے لیے کھلاڑی پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے کیونکہ ہم سب اپنی کرکٹ کو فروغ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

نوجوان فاسٹ بولرز موسیٰ خان جو قائداعظم ٹرافی میں پانچ میچوں میں 38 وکٹوں کے ساتھ سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر ہیں، شاہد عزیز اور محمد سلمان لائنز کی پیس بیٹری کا حصہ ہوں گے۔ نسیم شاہ کے بھائی حنین شاہ بھی انجری کے باعث چیمپیئنز ون ڈے کپ سے باہر ہونے کے بعد ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں شامل ہیں۔ یہ تیز بولرز وقار یونس سے زیادہ نامور استاد کی خواہش نہیں کر سکتے۔

بیٹنگ لائن حسن نواز محمد طحہٰ، امام الحق۔ محمد باسط، خوشدل شاہ، روحیل نذیر اور محمد فائق پر مشتمل ہے۔

آل راؤنڈر عامر یامین کے پاس تجربہ موجود ہے جبکہ عارف یعقوب گزشتہ سال نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ اور اس سال کے شروع میں ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ میں وکٹ لینے کی صلاحیت کے باعث کھیل کے مختصر ترین فارمیٹ میں مزید اپنی شناخت بنائیں گے۔

نور پور لائنز کے میچز کا شیڈول:

7 دسمبر بمقابلہ یو ایم ٹی مارخورز (دن 11 بجے)۔
9 دسمبر - بمقابلہ اے بی ایل اسٹالینز (12 بجے دوپہر)
11 دسمبر۔ بمقابلہ لیک سٹی پینتھرز (12 بجے دوپہر)
12 دسمبر بمقابلہ اینگرو ڈولفنز (3.30 بجے)

15 دسمبر۔ بمقابلہ یو ایم ٹی مارخورز (شام3.30)

17 دسمبر۔ اے بی ایل اسٹالینز (12 بجے دوپہر)

19 دسمبر بمقابلہ لیک سٹی پینتھرز (12 بجے دوپہر)

20دسمبر بمقابلہ اینگرو ڈولفنز (3.30 بجے)

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk